SYSVAK میں کرونا ویکسینیشن لگنے کے بعد اندراج

اب بیرون ملک لگوائی جانے والی ویکسینیشن کے اندراج کو SYSVAK میں ممکن کر دیا گیا ہے۔ یہ شرط لازم ہے کہ یوروپی میڈیسن ایجنسی سے منظور شدہ ویکسین لگوائی گئ ہو، اور یہ کہ جس شخص کو ویکسین لگائی گئ ہے اس کے پاس نارویجن شناختی نمبر یا ڈی نمبر ہو۔

۔وزیر صحت و نگہداشت کی خدمات بینٹ ہیوئیٔ نے کہا، بہت افراد نے بیرون ملک ویکسین لگوائی ہے، اب یہ ویکسین کا اندراج کروا سکتے ہیں، اس طرح سے سبز کرونا کارڈ حاصل کر کے سفری قرنطینہ سے استثنیٰ یا مدت میں کمی کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کو یورپی میڈیسن ایجنسی (EMA) کے منظور شدہ ویکسین سے آپ مکمل ویکسین شدہ ہیں ، تو آپ کو سفری قرنطینہ سے استثنیٰ حاصل ہو گا۔ بیرون ملک لگوائی ہوئی ویکسینوں کے لئے SYSVAK میں ایک علیحدہ تبدیلی تیار کرنے کے ساتھ ساتھ اصل اندراج کے بعد کے رہنما خطوط مرتب کرنے میں کچھ وقت لگا ہے۔

یہ تبدیلی کی جا چکی ہے، تاکہ بیرون ملک لگوائی گئ ویکسینوں کو اندراج میں رکھا جا سکے اور ناروے میں لگوائی ہوئی ویکسین سے الگ کر سکیں ، جو ناروے میں کورونا ویکسینیشن پروگرام کی پیروی کے لئے اہم ہے۔اس کے علاوہ ، یہ بھی اہم ہے کہ ایف ایچ آئی کے پاس ویکسین شدہ نارویجن باشندوں اور ناروے میں ویکسین کی خوراکوں کی تعداد کے بارے میں درست اعداد و شمار موجود ہوں۔

ناروے آنے سے پہلے آن لائن کنسلٹیشن

اندراج ناروے کے سفر سے پہلے کیا جا سکتا ہے۔ آپ کو ناروے میں اپنے جی پی ، میونسپل ہیلتھ سروس یا نجی صحت سروس سے بیرون ملک ویکسینیشن کے دستاویزات کے لیے مشاورت کی درخواست کرنی ہوگی ۔

یہ آن لائن مشاورت / ویڈیو مشاورت ہونی چاہئے ، جہاں ڈاکٹر دستیاب ویکسین کے دستاویزات دیکھ سکتا ہے ، اور ایک صوابدیدی اندازہ لگاتا ہے کہ آیا اسے دستاویزات کے طور پر قبول کیا جاسکتا ہے یا نہیں۔

SYSVAK میں اندراج کے علاوہ ، ساری ویکسین ایک علیحدہ جریدے میں بھی درج ہونی چاہیے۔

۔ یہ ضروری ہے کہ صحت کے عملے کو ویکیسن لگوانے کے اندراج کرنے کی اچھی رہنمائی ملے، تاکہ اس بات کا تحفظ رہے کہ معلومات ممکنہ حدتک درست ہیں۔ جس طرح رہنمائی ایف ایچ آئی کی سائٹ پر موجود ہے، ہوییئ نے کہا۔

آن لائن ڈاکٹری مشاورت کی فیس ہر مریض کو خود ادا کرنی ہوگی۔ اگر اپنے معالج سے مشاورت کی جاتی ہے تو اس صورت میں کٹوتی کی پوری رقم مریض کو خود ادا کرنی ہوگی، کیونکہ یہ سرکاری وظیفہ کے بجٹ میں شامل نہیں ہے۔

صرف EMA سے منظور شدہ ویکسین

ایف ایچ آئی کی طرف سے یہ سفارش کی گئی ہے کہSYSVAKمیں صرف EMA سے منظور شدہ ویکسین رجسٹر کی جاسکتی ہیں۔ اس بات سے قطع نظر کہ دنیا میں کہاں یہ ویکسین لگائی گئی ہیں۔EMA کے ذریعہ منظور شدہ ویکسین کے لیے ، ہمارے پاس معیار، حفاظت اور افادیت کا علم ہے ، اور ناروے میں استعمال ہونے والی تمام ویکسین EMA سے منظور شدہ ہونی چاہئے۔ وہ ویکسین جو EMA نے منظور شدہ نہیں ہیں، ان کے لیے بعد میں اس پر غور کیا جاسکتا ہے کہ کیا SYSVAK میں اندراج کے لئے کھولناہے یا نہیں۔

فی الحال ، یہ ویکسین سفری قرنطینہ سے استثنیٰ کے حقوق کا حصول نہیں دیتی ہیں اور گرین کورونا سرٹیفکیٹ فراہم نہیں کرتی ہیں۔

ایف ایچ آئی نے اندراج کے بعد کے رہنما خطوط شائع کیے۔ FHI.no پر مزید پڑھیں